اُردو لازمی	نہم ماڈل پرچہ ALP	سوالیہ پرچہ: I
وقت 2.10 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 60

(حصہ اوّل)

2- مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجئے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)

(حصہ نظم)

(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط ان کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا
(ii) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا
(iii) صبا بے شک آتی مدینے سے تو ہے — کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے
(iv) جو نغمہ زن تھے خلوت اوراق میں طیور — رخصت ہوئے ترے شجر سایہ دار سے

(حصہ غزل)

(i) میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں — ساری مستی شراب کی سی ہے
(ii) میں جو بولا کہا کہ یہ آواز — اس خانہ خراب کی سی ہے
(iii) میں نے مانا کہ کچھ نہیں غالب — مفت ہاتھ آئے، تو بُرا کیا ہے

(حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ (10)

(الف) قریش نے اشتہار دیا تھا کہ جو شخص محمدؐ کو یا ابوبکرؓ کو گرفتار کر کے لائے گا، اس کو ایک خون بہا کے برابر (یعنی سو اونٹ) انعام دیا جائے گا۔ سراقہ بن جشم نے سنا، تو انعام کی امید میں نکلا۔ عین اس حالت میں کہ آپؐ روانہ ہو رہے تھے۔

(ب) جی نہیں بیگم صاحبہ! تردد کی کوئی بات نہیں۔ میں نے بہت اچھی طرح معائنہ کر لیا ہے۔ صرف تکان کی وجہ سے حرارت ہو گئی ہے۔ ان دنوں آپ کے شوہر غالباً کام بہت زیادہ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ان دنوں کیا، ان کا ہمیشہ سے یہی حال ہے۔ صبح دس بجے دفتر جا کر شام سات بجے سے پہلے کبھی واپس نہیں آتے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے جوابات لکھیے۔ 10

(i) حضرت اسماؓ کون تھیں؟
(ii) حضرت امیرؓ کونسی شخصیت مراد ہے؟
(iii) دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟
(iv) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟
(v) بیماری کے باوجود میاں دفتر کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟
(vi) مضمون نگار کے والد نے کس طرح اسے تسلی دی؟
(vii) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟
(viii) ہمسائے کی کون سی حرکت سے میاں کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(i) ہجرت نبویؐ (ii) امتحان

6- نظم "ہمت" کا مرکزی خیال لکھیں، شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7- چچا کے نام (مزاج پرسی اور چچی کی بیماری پر تشویش ظاہر کرنا) (10)

یا

سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیں۔

8- "ہرنی کی دعا" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے۔ (5)

یا

دکاندار اور خریدار کے درمیان مکالمہ لکھیں۔

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ (5)

(i) امجد نے انڈیا جانا ہے۔
(ii) آپ آئے نصیب آئے۔
(iii) آج تھوکڑ دے ہیں۔
(iv) یہاں کا باوا آدم بہت برا ہے۔
(v) اپنے حق میں پورے ہونا۔

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے۔

(i) ہاتھی کے دانت کھانے کے ---------
(ii) پاک رہو ----------
(iii) آ بیل ----------
(iv) جتنی چادر دیکھئے ----------
(v) جس کی لاٹھی ----------

www.ilmkidunya.com